# حاصلاتِ تعلم کے مطابق تشکیلی اور حتمی جانچ

**جماعت:** ششم　　**مضمون:** اُردو　　**سبق:**

**معیار:** پڑھنا

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-08-C-01)

حاصلاتِ تعلم کی سطح: طویل عبارت کو درست تلفظ کے ساتھ پڑھ سکیں۔

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| پنجاب میں خاص طور پر بیساکھی اور بسنت کے تہوا منائے جاتے ہیں پنجابی پکوانوں میں مکھنی مرغ، سرسوں کا ساگ اور مکئی کی روٹی، تندوری مرغ اور مسالا دار چنے مشہور ہیں۔ شادی بیاہ اور خوشی کے موقع پر لُڈی، سمی، سرائیکی جھومر اور پنجابی بھنگڑا ڈالا جاتا ہے۔ صوبہ پنجاب کے گلوکاروں میں نور جہاں، مہدی حسن، غلام علی، عطاء اللہ خان عیسیٰ خیلوی، راحت فتح علی خان اور عارف لوہار پوری دنیا میں مشہور ہیں۔ انھوں نے پنجابی اور اردو کے علاوہ پاکستان کی دیگر زبانوں میں بھی اپنے فن کا مظاہرہ کیا ہے جب کہ لوک فنکاروں میں ساحر علی بگا، ملک علی ملکو، ذیشان روکھڑی اور یامین راول بلوچ شامل ہیں۔ پنجابی کُرتا شلوار، پنجابی لنگی اور پنجابی چولی گھگرا یہاں کے مقبول پہناوے ہیں۔ پنجاب میں کرکٹ، ہاکی، فٹ بال اور والی بال شوق سے کھیلے جاتے ہیں؛ جبکہ کبڈی، کشتی، شٹاپو، چُھپن چُھپائی، پِٹھو گرم اور گلی ڈنڈا یہاں کے مقام کھیل ہیں۔<br>سوالات<br>1. تہوار سے کیا مراد ہے۔<br>2. پنجاب کے مشہور گلوکار کون سے ہیں؟<br>3. پنجاب کے مشہور کھیل کونسے ہیں؟ | یاد میں لانا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| پنجاب میں خاص طور پر بیساکھی اور بسنت کے تہوا منائے جاتے ہیں پنجابی پکوانوں میں مکھنی مرغ، سرسوں کا ساگ اور مکئی کی روٹی، تندوری مرغ اور مسالا دار چنے مشہور ہیں۔ شادی بیاہ اور خوشی کے موقع پر لُڈی، سمی، سرائیکی جھومر اور پنجابی بھنگڑا ڈالا جاتا ہے۔ صوبہ پنجاب کے گلوکاروں میں نور جہاں، مہدی حسن، غلام علی، عطاء اللہ خان عیسیٰ خیلوی، راحت فتح علی خان اور عارف لوہار پوری دنیا میں مشہور ہیں۔ انھوں نے پنجابی اور اردو کے علاوہ پاکستان کی دیگر زبانوں میں بھی اپنے فن کا مظاہرہ کیا ہے جب کہ لوک فنکاروں میں ساحر علی بگا، ملک علی ملکو، ذیشان روکھڑی اور یامین | | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | راول بلوچ شامل ہیں۔ پنجابی کُرتا شلوار، پنجابی لنگی اور پنجابی چولی گھگرا یہاں کے مقبول پہناوے ہیں۔ پنجاب میں کرکٹ ، ہاکی ، فٹ بال اور والی بال شوق سے کھیلے جاتے ہیں؛ جبکہ کبڈی، کشتی ، شٹاپو، چُھپن چُھپائی، پِٹھو گرم اور گلی ڈنڈا یہاں کے مقام کھیل ہیں۔<br>سوالات<br>1. عبارت کو درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔<br>2. پنجاب کے مشہور کھیل، کھانے اور پہناوے کونسے ہیں۔ |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-08-C-02)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| کسی حادثے، سانحے یا قدرتی آفت سے متاثرہ افراد کو ڈاکٹر یا ہسپتال پہنچا کر مکمل علاج شروع ہونے سے پہلے جو فوری امداد دی جاتی ہے وہ ابتدائی طبّی امداد کہلاتی ہے۔ مثلاً جائے حادثہ پر مریض کا مصنوعی طریقے سے سانس بحال کرنا، کسی زخمی کا خون بہنے سے روکنا، زخموں کی دیکھ بھال اور جراثیم سے بچانا، صدمے کی حالت میں نفسیاتی امداد دینا، خوف کو دور کرنا، حوصلہ دینا، اگر مریض کی ہڈٹ ٹوٹ گئی ہو تو اسے سہارا دینا، ایسا بندوبست کرنا کہ مریض کو کم سے کم حرکت ہو اور اس کو آرام دہ حالت میں قریبی ہسپتال تک پہنچانا وغیرہ۔ اگر کھانا کھاتے ہوئے کسی کے حلق میں کوئی چیز پھنس جائے یا پھر غلطی سے کوئی فرد زہریلی چیز کھالے یا پی لے تو بہت آسانی سے اس کی جان بچائی جاسکتی ہے۔<br>سوالات<br>1. روزمرہ اور محاورہ میں کیا فرق ہے؟<br>1. اس عبارت کا اسلوب کیا ہے؟<br>2. اگر معمولی زخم ہو تو کیا کرنا چاہیے؟ | سمجھنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| کسی حادثے، سانحے یا قدرتی آفت سے متاثرہ افراد کو ڈاکٹر یا ہسپتال پہنچا کر مکمل علاج شروع ہونے سے پہلے جو فوری امداد دی جاتی ہے وہ ابتدائی طبّی امداد کہلاتی ہے۔ مثلاً جائے حادثہ پر مریض کا مصنوعی طریقے سے سانس بحال کرنا، کسی زخمی کا خون بہنے سے روکنا، زخموں کی دیکھ بھال اور جراثیم سے بچانا، صدمے کی حالت میں نفسیاتی امداد دینا، خوف کو دور کرنا، حوصلہ دینا، اگر مریض کی ہڈٹ ٹوٹ گئی ہو تو اسے سہارا دینا، ایسا بندوبست کرنا کہ مریض کو کم سے کم حرکت ہو اور اس کو آرام دہ حالت میں قریبی ہسپتال تک پہنچانا وغیرہ۔ اگر کھانا کھاتے ہوئے کسی کے حلق میں کوئی چیز پھنس جائے یا پھر غلطی سے کوئی فرد زہریلی چیز کھالے یا پی لے تو بہت آسانی سے اس کی جان بچائی جاسکتی ہے۔<br>سوالات<br>1. ابتدائی طبّی امداد سے کیا مراد ہے؟<br>2. اگر مریض کی ہڈی ٹوٹ گئی ہو تو کیا کرنا چاہیے؟<br>3. قدرتی آفات پر اپنی معلومات بتایئے؟ | سمجھنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-08-C-03)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| روبریک | نمبر | مہارت | تشکیلی جانچ |
|---|---|---|---|
| | | جانچ پرکھ کرنا | کسی جنگل میں ایک شیر رہتا تھا۔ اس سے جنگل کے چھوٹے بڑے سبھی جانور ڈرتے تھے۔ ایک دن یہ شکار کی غرض سے نکلا تو اس کی ایک مست ہاتھی کے ساتھ مڈ بھیڑ ہو گئی۔ ہاتھی نے شیر کو شدید زخمی کر دیا۔ وہ جان بچا کر اپنی کچھار کی طرف دوڑا۔ زخموں کی وجہ سے اب شیر شکار کے لائق نہ رہا تھا۔ اسے بھوک بھی پریشان کر رہی تھی اسی دوران میں اس طرف ایک لومڑی آ نکلی۔ شیر نے لومڑی کو بلا کر اپنے زخمی ہونے کی کہانی سنائی اور کہا: "بی لومڑی! میں اب دور جا کر شکار کرنے کے قابل نہیں رہا تم میرا ایک کام تو کرو۔ جاؤ جا کر کسی گدھے یا گائے کو بہلا پھسلا کر یہاں لے آو تاکہ میں اسے شکار کر سکوں۔"<br>سوالات<br>1. کچھار کسے کہتے ہیں؟<br>2. "مڈ بھیڑ ہونا" سے کیا مراد ہے؟<br>3. جنگل کا بادشاہ کسے کہتے ہیں؟ |

| روبریک | نمبر | مہارت | حتمی جانچ |
|---|---|---|---|
| | | جانچ پرکھ کرنا | کسی جنگل میں ایک شیر رہتا تھا۔ اس سے جنگل کے چھوٹے بڑے سبھی جانور ڈرتے تھے۔ ایک دن یہ شکار کی غرض سے نکلا تو اس کی ایک مست ہاتھی کے ساتھ مڈ بھیڑ ہو گئی۔ ہاتھی نے شیر کو شدید زخمی کر دیا۔ وہ جان بچا کر اپنی کچھار کی طرف دوڑا۔ زخموں کی وجہ سے اب شیر شکار کے لائق نہ رہا تھا۔ اسے بھوک بھی پریشان کر رہی تھی اسی دوران میں اس طرف ایک لومڑی آ نکلی۔ شیر نے لومڑی کو بلا کر اپنے زخمی ہونے کی کہانی سنائی اور کہا: "بی لومڑی! میں اب دور جا کر شکار کرنے کے قابل نہیں رہا تم میرا ایک کام تو کرو۔ جاؤ جا کر کسی گدھے یا گائے کو بہلا پھسلا کر یہاں لے آو تاکہ میں اسے شکار کر سکوں۔"<br>سوالات<br>1. شیر کس طرح زخمی ہوا؟<br>2. "بی لومڑی! میں اب دور جا کر شکار کے قابل نہیں رہا تم میرا ایک کام تو کر دو" یہ بات لومڑی سے کس نے کہی اور کیوں؟ |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-08-C-04)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| خدا سے حُسن نے اک روز یہ سوال کیا، جہاں میں کیوں نہ مجھے تُو نے لازوال کیا<br>ملا جواب کہ تصویر خانہ ہے دنیا، شبِ درازِ عدم کا فسانہ ہے دنیا<br>ہوئی ہے رنگِ تغیر سے جب نمود اس کی، وہی حسیں ہے حقیقت زوال ہے جس میں<br>سوالات<br>1. لازوال کے کیا معنی ہیں؟<br>2. نظم میں تصویر خانہ سے کیا مراد ہے؟<br>3. "شبِ درازِ عدم کا فسانہ ہے دنیا" سے شاعر کی کیا مراد ہے؟ | تجزیہ کرنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| خدا سے حُسن نے اک روز یہ سوال کیا، جہاں میں کیوں نہ مجھے تُو نے لازوال کیا<br>ملا جواب کہ تصویر خانہ ہے دنیا، شبِ درازِ عدم کا فسانہ ہے دنیا<br>ہوئی ہے رنگِ تغیر سے جب نمود اس کی، وہی حسیں ہے حقیقت زوال ہے جس میں<br>سوالات<br>1. حسن نے اللہ تعالیٰ سے کیا پوچھا؟<br>2. شاعر کے نزدیک حسیں کون ہے؟ | تجزیہ کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-08-C-05)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| یتیمی جس نے پائی ، اُس بلند اقبال کو دیکھو<br>کسی کے لال ہو تو ، آمنہ کے لال کو دیکھو<br><br>امیں ہو تو ، عرب کے اُس دار کو دیکھو<br>جو صادق ہو تو ، اُس مردِ صداقت کار کو دیکھو<br><br>1. اشعار کو اتار چڑھاؤ سے پڑھیں۔<br>2. الفاظ معنی بتائیں۔<br>بلند اقبال۔ امین۔ صادق<br>3. درج بالا اشعار میں امین اور صادق کس ہستی کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ | یاد میں لانا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| یتیمی جس نے پائی ، اُس بلند اقبال کو دیکھو<br>کسی کے لال ہو تو ، آمنہ کے لال کو دیکھو<br><br>امیں ہو تو ، عرب کے اُس دار کو دیکھو<br>جو صادق ہو تو ، اُس مردِ صداقت کار کو دیکھو<br><br>1. اشعار کس نظمیہ صنف کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔<br>2. عرب کے امانت دار سے کیا مراد ہے؟<br>3. درج بالا اشعار کو اتار چڑھاؤ یا ترنم سے پڑھیں۔ | یاد میں لانا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-08-C-06)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| لطیفہ<br>ایک آدمی نے بیکری پر پیزے کا حکم دیا۔ دکان دار نے پوچھا: " جناب ! پیزے کے چار ٹکڑے کروں یا آٹھ؟"<br>آدمی نے جواب دیا: " چار کردو آٹھ کون کھائے گا۔"<br>سوالات<br>1. چار اور آٹھ ٹکڑوں میں کون سی اصطلاح استعمال ہوئی ہے۔<br>2. تحریر میں طنزیہ اصطلاح کو واضح کریں۔<br>3. لطیفے کو صحت الفاظ کے ساتھ پڑھیں۔ | سمجھنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| لطیفہ<br>ایک آدمی نے بیکری پر پیزے کا حکم دیا۔ دکان دار نے پوچھا: " جناب ! پیزے کے چار ٹکڑے کروں یا آٹھ؟"<br>آدمی نے جواب دیا: " چار کردو آٹھ کون کھائے گا۔"<br>سوالات<br>1. ہر کردار کے جملوں کو اتار چڑھاؤ سے پڑھا جائے۔<br>2. "آٹھ ون کھائے گا چار کردو" کا مفہوم واضح کریں۔ | سمجھنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-08-C-07)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| 1. ایک کتابچہ مرتب کریں جس میں دو موسم سے متعلق، دو کھیلوں سے متعلق اور دو عالمی مسائل سے متعلق خبروں کے تراشے لگائیں اور جماعت میں پڑھ کر سنائیں۔<br>2. کل کا اخبار لائیں اور اس میں سے پسندیدہ اشتہار جماعت میں پڑھ کر سنائیں۔<br>3. غالب کے خطوط میں سے کسی ایک خط کا انتخاب کریں اور جماعت میں پڑھ کر سنائیں۔ | یاد میں لانا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| 2 ماہ میں انڈوں کی قیمتوں میں سو فیصد اضافہ، عوام کا شدید احتجاج<br>اسلام آباد (خصوصی نامہ نگار) پولٹری مافیا کی جانب سے مرغی کے بعد انڈوں کی بلیک میں فروخت اور مبینہ طور پر اسمگلنگ کیے جانے کی خبروں پر جڑواں شہروں کے عوام نے شدید احتجاج کیا ہے۔ مہنگے ترین انڈے فروخت کیے جانے کی شکایات کے باوجود پنجاب حکومت سمیت جڑواں شہروں کے ضلعی حکام خاموش تماشائی بنے بیٹھے ہیں۔ حالیہ عیدالفطر پر انڈے 115 روپے درجن تھے لیکن مبینہ طور پر اسمگلنگ کیے جانے کے باعث انڈوں کے ریٹ تاریخ میں پہلی بار ڈبل سنچری بھی کراس کر چکے ہیں۔<br>سوالات<br>1. یہ خبر کس مسئلے سے متعلق ہے؟<br>2. کن شہروں کی عوام نے اس مسئلے پر احتجاج کیا؟<br>3. مہنگائی کی وجہ کیا ہے؟<br>4. مہنگائی کے مسئلے پر کیسے قابو پایا جا سکتا ہے؟ | یاد میں لانا | | |

# حاصلاتِ تعلم کے مطابق تشکیلی اور حتمی جانچ

**جماعت:** ششم **مضمون:** اُردو **سبق:**

**معیار:**

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-08-D-02)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ا۔ سبق میں سے کوئی سے چار محاورات نکال کر روزمرہ کی گفتگو کے مطابق جملے بنائیں۔ | تخلیق کرنا | | |

حتمی جانچ

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ا۔ ڈاکٹر عبدالقدیر خان کی زندگی سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے۔ چھے نکات لکھیں۔ | تخلیق کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-08-D-03)

حاصلاتِ تعلم کی سطح: نظم کے اشعار کی حوالوں کے ساتھ تشریح کر سکیں۔

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ا۔ ملی نغمہ کسے کہتے ہیں؟<br>۲۔ یہ مصرعہ روزمرہ زندگی اور وطن کے لیے کس طرح ہماری رہنمائی کرتا ہے۔ | تجزیہ کرنا | | |

| حتمی جانچ: | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ا۔ کسی بھی اور کتاب سے کوئی ملی نغمہ اپنی کاپی پر لکھیں۔<br>۲۔ آخری تین اشعار کی تشریح کریں۔ حوالہ شاعر بھی دیں۔ | تجزیہ کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-08-D-04)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| سوالات<br>۱۔ نظم کے مرکزی خیال سے کیا مراد ہے؟<br>۲۔ نثر کسے کہتے ہیں؟ | جانچ پرکھ کرنا | | |

| حتمی جانچ: | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| سوالات<br>۱۔ صفحہ نمبر۸۱ پر دی گئی نظم میں کیا پیغام دیا گیا ہے۔ اپنے الفاظ میں تمام پیغامات نکات میں لکھیں۔ کم از کم ۵ پیغامات لکھیں۔ | جانچ پرکھ کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-08-D-05)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| سوال<br>۱۔علامہ اقبال کے تصور شاہین پر ۳۰۰ الفاظ کا ایک مضمون لکھیں اور بتائیں کہ آپ اقبال کے شاہین کی روشنی میں ملک کے لیے کیا کریں گے؟ | تخلیق کرنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| سوال<br>۱۔اپنی پسندیدہ شخصیت پر ۳۰۰ الفاظ کا مضمون لکھیں۔ | تخلیق کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-08-D-06)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| سوالات:<br>۱۔ محاورہ کسے کہتے ہیں؟<br>۲۔ ضرب المثال کسے کہتے ہیں؟ | تخلیق کرنا | | |

| حتمی جانچ: | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ۱۔ایک ناقابلِ فراموش واقعہ بامحاورہ زبان میں لکھیں۔ | تخلیق کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-08-D-07)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبرک |
|---|---|---|---|
| سوالات:<br>ا۔ رسمی اور غیر رسمی خط سے کیا مراد ہے؟<br>۲۔ مشاہیر کے خطوط کی کیا اہمیت ہے۔؟ | تخلیق کرنا | | |

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبرک |
|---|---|---|---|
| سوالات:<br>ا۔ ہوسٹل سے اپنی والدہ کو خط لکھیں کہ آپ اُن کی کون کون سی باتوں کو یاد کرتے ہیں۔<br>۲۔ ڈپٹی کمشنر کے نام خط لکھیں اور اپنے علاقے میں ڈینگی سپرے کروانے کی درخواست کریں۔ | تخلیق کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-08-D-08)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | رویو بریک |
|---|---|---|---|
| سوالات:<br>ا۔ مکالمہ کسے کہتے ہیں؟ | تخلیق کرنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | رویو بریک |
|---|---|---|---|
| سوالات:<br>ا۔ دو دوستوں کے درمیان کھیل اور پڑھائی کی افادیت کا مکالمہ لکھیں۔ | تخلیق کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-08-D-09)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| سوالات:<br>ا۔ درخواست کیا ہوتی ہے؟ | تخلیق کرنا | | |

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| سوالات:<br>ا۔ اسکول کی پرنسپل کے نام درخواست لکھیں کہ ہماری کینٹین کو بہتر کیا جائے۔ | تخلیق کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-08-D-10)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| سوالات:<br>۱۔ رُوداد کسے کہتے ہیں۔اس کی تعریف کیا ہے۔<br>۲۔ روداد میں کارروائی کتنی لکھی جاتی ہے۔<br>۳۔ کیاروداد میں اپنی طرف سے کچھ لکھ سکتے ہیں۔<br>۴۔ کیا جملے مدلل اور موضوع کے مطابق ہونے چاہئیں۔ | تخلیق کرنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| سوالات:<br>اپنے سکول میں منعقد ہونے والی "یوم پاکستان" کے حوالے سے تقریب کی روداد لکھیں۔ | تخلیق کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-08-D-11)

حاصلاتِ تعلم کی سطح: تبصرہ

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| سوالات<br>ا۔<br>خدا سے حُسن نے اک روز یہ سوال کیا<br>جہاں میں کیوں نہ مجھے تو نے لازوال کیا<br>علامہ محمد اقبالؒ کے اس شعر پر تبصرہ کیجیے۔<br>۲۔"منشیات کے اثرات صرف فرد پر نہیں پڑتے بل کہ خاندان اور پورے معاشرے پر بھی پڑتے ہیں۔"<br>سبق "منشیات کے اثرات" کے حوالے سے لیاقت بھائی کے اس جملے پر تبصرہ کیجیے۔ | تخلیق کرنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| 1) اپنے کسی پسندیدہ پروگرام پر درج ذیل سوالات کے تحت تبصرہ کیجیے۔<br>• پروگرام کا نام کیا تھا؟<br>• کس ٹی وی چینل پر وہ پروگرام دیکھا؟<br>• پروگرام کے کردار کون کون سے تھے؟<br>• اس پروگرام کا اصل مقصد کیا تھا؟<br>• اس پروگرام کا آپ پر کیا اثر ہوا؟<br>نوٹ: اس سوال کو بھی پڑھی گئی کسی کتاب عبارت کے حوالے سے بھی ترتیب دیا جاسکتا ہے۔ (حدِ الفاظ ۱۷۵ الفاظ) | تخلیق کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-08-D-12)

حاصلاتِ تعلم کی سطح: تلخیص

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| سوالات:<br>درج ذیل جملوں کی تلخیص کیجیے۔<br>1) انتظامی صلاحیت رکھنے کے علاوہ رضیہ سلطانہ بڑی عقل مند، ذی فہم اور ذہین تھی اور ذرا غور کرتے ہی فوراً بات کی تہ تک پہنچ جاتی تھی۔<br>2) اور کسی کو تو ہمت نہ ہوئی کہ اماں کو اسٹیشن پر باراتیوں کے اُترنے اور گانے کا حال سناتا مگر ماموں صاحب اپنی بہن کا ہاتھ پکڑ کر ایک طرف لے گئے اور بہت مسکرا کر سارا واقعہ بیان کیا۔<br>3) قائدِاعظم ایک ایسے رہنما ہیں جنھوں نے تاریخ کے دھارے کو موڑ کر ایک نیا رُخ عطا کیا۔ | | | |

حاصلاتِ تعلم:  (SLO:U-08-D-13)

حاصلاتِ تعلم کی سطح: تقریر لکھنا

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| سوالات<br>1. تقریر لکھنے کے لیے پانچ ایسے موضوعات کی نشان دہی کریں جن کے حق اور مخالفت میں دلائل دیئے جا سکیں۔<br>2. موضوع "احساس مروت کو کچل دیتے ہیں آلات" پر تقریر لکھنے کے لیے متعلقہ الفاظ، تراکیب، تشبیہات، استعارات، محاورات، ضرب الامثال اور اشعار کا خاکہ ترتیب دیں جو تقریر لکھنے میں معاونت کریں۔ | سمجھنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| سوالات<br>1. درج ذیل موضوعات پر دو سو الفاظ پر مشتمل تقریر لکھیں جن میں ضرب الامثال اشعار اور محاورات بھی استعمال ہوں۔<br>• منشیات ایک لعنت<br>• اقبال کا شاہین<br>• خوشامد بڑی چیز ہے جہاں میں | سمجھنا | | |

# حاصلاتِ تعلم کے مطابق تشکیلی اور حتمی جانچ

**جماعت:** ششم　　**مضمون:** اُردو　　**سبق:**

**معیار:** زبان شناسی/ قواعد

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-08-E-01)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| 1. اُس اسم کو کیا کہیں گے جو ایک جمع سے دوسری بار جمع بنا ہو؟<br>2. جمع الجمع کی ایک مثال لکھیے۔ | سمجھنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| 1. مندرجہ ذیل کے جمع الجمع لکھیے۔<br>خبر<br>جوہر<br>رسم | سمجھنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-08-E-02)

حاصلاتِ تعلم کی سطح: اسماء اور ضمائر کی تذکیر و تانیث کر سکیں (عبارت میں)

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| 1. اسم کی وضاحت کیجیے۔<br>2. ضمیر کی وضاحت کیجیے۔<br>3. اسم کی ایک مثال لکھیے۔<br>4. ضمیر کی ایک مثال لکھیے۔ | لاگو کرنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| 1. درج ذیل فقرات میں اسماء اور ضمائر الگ کریں۔<br>• ذکیہ دسویں جماعت میں پڑھتی ہے وہ ایک ذہین طالبہ ہے۔<br>• احمد صاحب محکمہ تعلیم میں ملازم ہیں انھوں نے تمام عمر ایمان داری سے کام کیا۔<br>اسماء ضمائر<br>ا۔ ا۔<br>۲۔ ۲۔<br>2. درج ذیل فقرات میں مذکر اور مونث ضمائر کی نشان دہی کریں۔<br>• وہ صبح سے باورچی خانے میں کام کر رہی ہے۔<br>• وہ روزانہ باقاعدگی سے سکول جاتا ہے۔<br>ضمائر مذکر یا مونث استعمال<br>ا۔ ا۔<br>۲۔ ۲۔ | لاگو کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-08-E-03)

حاصلاتِ تعلم کی سطح: متضاد الفاظ کو (عبارت میں) پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں۔

تشکیلی جانچ:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| 1. متضاد الفاظ کی وضاحت کیجیے۔<br>2. جاہل کا متضاد لکھیے۔ | لاگو کرنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| 1. درج ذیل عبارت میں خط کشیدہ الفاظ کے متضاد لکھیے۔<br>آمنہ صبح سویرے جاگتی ہے۔ جلدی جلدی تیار ہو کر سکول کو روانہ ہو جاتی ہے۔ دن بھر مختلف مضامین پڑھائی کرتی ہے۔ دو بجے کے قریب گھر آتی ہے۔ شام کو اپنی سہیلوں کے ساتھ کھیلتی ہے۔ واپسی پر اپنی والدہ کی نگرانی میں لکھائی کا کام مکمل کرتی ہے۔ سات بجے اُس کے والد دفتر سے لوٹتے ہیں۔ سب ہنسی خوشی رات کا کھانا کھاتے ہیں۔ آمنہ رات کو دس بجے سوتی ہے۔ سونے سے قبل وہ اپنے ادھورے کام مکمل کرتی ہے۔ | لاگو کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-08-E-04)

حاصلاتِ تعلم کی سطح: متشابہ الفاظ (بلحاظ آواز) کو پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں۔

تشکیلی جانچ:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | رویوبریک |
|---|---|---|---|
| 1. متشابہ الفاظ (بلحاظ آواز) کی وضاحت کیجیے۔<br>2. حال کا متشابہ (بلحاظ آواز) لفظ لکھیے۔ | لاگو کرنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | رویوبریک |
|---|---|---|---|
| 1. مندرجہ ذیل الفاظ کے متشابہ (بلحاظ آواز) لفظ لکھیے۔<br>ارض<br>صدا<br>لال<br>چاک<br>عام | لاگو کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-08-E-05)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | رویوبریک |
|---|---|---|---|
| 1. گروہی یا متلازم الفاظ کی وضاحت کریں۔<br>2. گروہی یا متلازم الفاظ کی ایک مثال تحریر کریں۔<br>3. مثال کے ذریعے گروہی یا متلازم الفاظ کی وضاحت کریں۔ | لاگو کرنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | رویوبریک |
|---|---|---|---|
| درج ذیل الفاظ کے پانچ پانچ متلازم الفاظ تحریر کریں۔<br>ا۔ آسمان:<br>۲۔ کھیت:<br>۳: شفاخانہ<br>۴۔ کھیل کا میدان: | لاگو کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-08-E-06)

حاصلاتِ تعلم کی سطح: حروفِ فجائیہ (استعجائیہ اور تحسین) پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں۔

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| 1. حروف فجائیہ (استعجائیہ) کی وضاحت کیجیے۔<br>2. حروف فجائیہ (استعجابیہ) کی وضاحت کیجیے۔<br>3. حرف استعجابیہ کی ایک مثال دیجیے۔<br>4. حرفِ تحسین کی ایک مثال دیجیے۔ | لاگو کرنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| 1. مندرجہ ذیل جملوں کی حروفِ استعجابیہ اور حروفِ تحسین کے حوالے سے نشان دہی کریں۔<br>• ارے! آپ کی صحت کو کیا ہوا؟<br>• بہت خوب! آپ کی تحریر خوب صورت ہے۔<br>• آپ کی گفتگو کی کیا بات ہے!!<br>• شاباش! اللہ تعالیٰ آپ کی محنت میں برکت ڈالے۔<br>• واہ واہ! سبحان اللہ! | لاگو کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-08-E-07)

حاصلاتِ تعلم کی سطح: اسم صفت کی اقسام کو پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں۔

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| 1. اسم صفت کی وضاحت کیجیے۔<br>2. اسم صفت کی ایک مثال دیجیے۔<br>3. اسم صفت کی اقسام تحریر کیجیے۔<br>4. صفت عددی کی ایک مثال لکھیے۔<br>5. صفت ضمیری کی ایک مثال لکھیے۔<br>6. صفت مقداری کی ایک مثال لکھیے۔<br>7. صفت ذاتی کی ایک مثال لکھیے۔<br>8. صفت نسبتی کی ایک مثال دیجیے۔<br>9. صفت ضمیری کی وضاحت کیجیے۔<br>10. صفت نسبتی کی وضاحت کیجیے۔ | لاگو کرنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| مندرجہ ذیل اسما میں سے صفت ضمیری، صفت عددی، صفت مقداری، صفت ذاتی اور صفت نسبتی کو الگ الگ کیجیے۔<br>میرا قلم۔ چار کلو آٹا۔ دو بچے۔ سرد موسم۔ عربی۔ پانچ میٹر کپڑا۔ گیارہ کھلاڑی۔ آپ کی شان۔ پاکستانی۔ لمبی قطار | لاگو کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-08-E-08)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| 1. فعل کی اقسام بلحاظ فاعل کو (معروف اور مجہول) کو پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں۔<br>فعل کی وضاحت کیجیے<br>• فعل معروف (بلحاظ فاعل) کی وضاحت کیجیے۔<br>• فعل مجہول (بلحاظ فاعل) کی وضاحت کیجیے۔<br>• فعل معروف (بلحاظ فاعل) کی ایک مثال لکھیے۔<br>• فعل مجہول (بلحاظ فاعل) کی ایک مثال لکھیے۔ | جانچ پرکھ کرنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| 1. فعل معروف اور فعل مجہول (بلحاظ فاعل) درست جواب کی نشان دہی کریں۔<br>• بچے نے کتاب پڑھی۔<br>• شیر کو مارا گیا۔<br>• پاکستان نے میچ جیت لیا۔<br>• کہانی سنی گئی۔<br>• لوگ نعرے لگا رہے تھے۔<br>• نتیجے کا اعلان کیا گیا۔<br>2. درست جواب کا انتخاب کیجیے۔<br>3. جس فعل کا فاعل معلوم ہو، اُسے کیا کہتے ہیں؟<br>فعل حال۔ فعل معروف۔ فعل مجہول۔ معاون فعل<br>4. جس فعل کا فاعل معلوم نہ ہو، اُسے کیا کہتے ہیں؟<br>فعل ناقص۔ فعل ماضی۔ متعلق فعل۔ فعل مجہول | جانچ پرکھ کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-08-E-09)

حاصلاتِ تعلم کی سطح: الفاظ کے انتخاب میں لغت اور تھیسارس کا استعمال کر سکیں۔ (روزمرہ زندگی کی مہارتیں)

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| 1. "نعت" کسے کہتے ہیں، وضاحت کریں۔<br>2. "تھیسارس" کسے کہتے ہیں، وضاحت کریں۔<br>3. نعت میں الفاظ کس ترتیب سے دیئے جاتے ہیں؟ | جانچ پرکھ کرنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| 1. درج ذیل الفاظ مطلب لغت میں تلاش کریں اور ان الفاظ کے جملے بنائیں۔<br>الفاظ    معنی    جملے<br>وطن<br>سلامتی<br>اتحاد<br>خوش حالی<br>عروج<br>2. تھیسارس کی مدد سے درج ذیل الفاظ کے تین تین مترادفات تحریر کریں۔<br>لطیف: -------- -------- --------<br>ورزش: -------- -------- --------<br>فرض: -------- -------- --------<br>مستی: -------- -------- --------<br>ہجوم: -------- -------- -------- | جانچ پرکھ کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-08-E-10)

حاصلاتِ تعلم کی سطح: تلمیح کو پہچان اور استعمال کر سکیں۔

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| 1. تلمیح کی تعریف کریں اور دو مثالیں لکھیں۔<br>2. نظم میں تلمیح کی ایک مثال تحریر کریں۔<br>3. نثر میں تلمیح کی ایک مثال تحریر کریں۔ | لاگو کرنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| 1. درج ذیل اشعار میں تلمیحات کی نشان دہی کریں۔<br>بے خطر کود آتش نمرود عش<br>عقل محو تماشائے لبِ بام ابھی<br><br>ابنِ مریم ہوا کرے کوئی<br>میرے دکھ کی دوا کرے کوئی<br><br>2. درج ذیل تلمیحات کی وضاحت کریں۔<br>۱۔آبِ حیات:<br>۲۔ جامِ جمشید<br>۳۔ حسنِ یوسف | لاگو کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-08-E-11)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| 1. الفاظ کی تکرار سے کیا مراد ہے ؟<br>2. الفاظ کی تکرار کی ایک مثال تحریر کیجیے۔ | سمجھنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| 1. درج ذیل جملوں کو لفظوں کی تکرار کے حوالے سے درست کیجیے۔<br>۱۔ کوہ مری کے پہاڑ سر سبز ہیں۔<br>۲۔آبِ زم زم کے پانی میں شفا ہے۔<br>۳۔ ماہ رمضان کا مہینہ بابرکت ہے۔<br>۴۔آپ کی خیر نیک مطلوب چاہتا ہوں۔ | سمجھنا | | |

روبریک

| 9-10 | 5-8 | 3-5 | 0-2 |
|---|---|---|---|
| درست املا | املا کی چند غلطیاں | اِملا کی کچھ اغلاط | بہت زیادہ املا کی اغلاط |
| موضوع کے بالکل مطابق الفاظ کا انتخاب | چند غیر موزوں الفاظ کا انتخاب | کچھ نامناسب الفاظ کا انتخاب | غیر متعلقہ / مناسب الفاظ کا انتخاب |
| جملوں کی مکمل درستگی | چند جملوں میں غلطیاں | جملوں میں کچھ اغلاط | غیر مناسب جملہ سازی |
| عبارت میں روانی ار تسلسل ہے | روانی کافی حد تک مناسب ہو | کچھ جملے ترتیب سے ہٹ کر ہیں | روانی کا فقدان |

ریویور کمنٹس

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

نام اور دستخط.......................................................